ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (469)

14.09.24

**بہاول پور(                )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی جانب سے ایس ڈی پی او سٹی کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں سٹی و صدر سرکل کے شہریوں کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران شہریوں کے مسائل بروقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او سرفراز خان نے ایس ڈی پی او سٹی کے دفتر میں کھلی کچہری لگائی، کھلی کچہری میں سٹی و صدر سرکل سے شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او صدر سرکل بابر علی، ڈی ایس پی آرگنائز کرائم محمد ناصر غوری، ایس ایچ او تھانہ کینٹ اور دیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جا سکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ایس ڈی پی او سٹی سرکل کے دفتر میں کھلی کچہری سٹی و صدر سرکل کے شہریوں کے مسائل دریافت کئے اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کئے



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کی زیر قیادت، ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز نے اپنے اپنے سرکل میں پریس کانفرنس کے بعد گرفتار ملزمان سے ریکور شدہ
مسروقہ سامان و نقد رقم اصل مالکان کے حوالے کر رہے ہیں




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایات پر ضلع بھر میں چہلم حضرت امام حسین علیہ السلام کے موقع پر سکیورٹی کے فول
پروف انتظامات کے حوالے سے جامع سکیورٹی پلان جاری